Grenfell Tower community update: February 2026 - Urdu / اردو

گرینفیل ٹاور (Grenfell Tower) کمیونٹی اپ ڈیٹ: فروری 2026

ہمیں احساس ہے کہ گرینفیل ٹاور اس سانحے سے سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والوں کے لئے انتہائی ذاتی اہمیت رکھتا ہے اور یہ زمین فیملیز کے لئے مقدس ہے۔

ہم آپ کو گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے کام سے باخبر رکھنا چاہتے ہیں۔ اس اپ ڈیٹ میں آپ کو ذیل کے بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں:

- کرین نیچے کرنا
- گرینفیل دل والے بینر
- ٹاور کی روشنیاں
- دھول، وائبریشن اور شور کی نگرانی کی معلومات
- صحت اور بہبود کی معاونت
- ہم سے بات کیسے کریں اور مزید معلومات کیسے لیں

آپ ذیل پر گزشتہ اپ ڈیٹس دیکھ سکتے ہیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates

کرین نیچے کرنا

گرینفیل ٹاور کے مقام پر گزشتہ موسم گرما میں لگائی گئی کرین کو فروری میں اسکول کی ہاف ٹرم تعطیلات کے دوران نیچے کیا گیا تھا۔

گرینفیل دل والے بینر

گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے کام کے دوران ہم ٹاور پر بینرز کو نیچے لے آئے ہیں۔

ٹاور کی روشنیاں

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے دوران اس کی واضح نشانی موجود ہونا اہم ہے۔ ہم نے اس طرح روشنی نصب کی ہے کہ ہر رات شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک ٹاور کے ہر کونے سے اوپر کی جانب روشنی کی کرنیں چمکیں گی۔ گرینفیل دل والے بینرز پر چمکتی روشنیاں ہر رات مغرب سے رات 11 بجے تک آن رہیں گی۔

دھول، وائبریشن اور شور کی نگرانی کی معلومات

حکومت یہ یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے کہ گرینفیل ٹاور کے مقام پر ہونے والا تمام کام اعلی ترین معیارات کے مطابق ہو۔ کمیونٹی اور مقام پر کام کرنے والے لوگوں کا تحفظ اور بہبود ہماری ترجیح ہے۔ مقام پر مانیٹر موجود ہیں جو دھول، وائبریشن اور شور کا براہ راست ڈیٹا جمع کرتے ہیں۔ یہ ڈیٹا ہر ماہ شائع کیا جاتا ہے۔ تازہ ترین رپورٹس دیکھنے کے لئے براہ مہربانی درج ذیل لنکس پر کلک کریں:

دھول کی نگرانی کی رپورٹ: 5 جنوری تا 1 فروری 2026

وائبریشن کی نگرانی کی رپورٹ: 5 جنوری تا 1 فروری 2026

[شور کی نگرانی کی رپورٹ: 5 جنوری تا 1 فروری 2026]

یوکے ہیلتھ سکیورٹی ایجنسی (UK Health Security Agency, UKHSA) اس کام کی انجام دہی کے دوران گرینفیل ٹاور کے ارد گرد کے علاقے میں ہوا کے معیار کا تجزیہ اور نگرانی جاری رکھے گی۔ یہ ہر ماہ اپنی رپورٹس شائع کرتی ہے۔ آپ یہاں تازہ ترین رپورٹ دیکھ سکتے ہیں:
[گرینفیل ٹاور کی آگ کے بعد ماحولیاتی نگرانی - GOV.UK]

صحت اور بہبود کی معاونت

گرینفیل ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے مکمل عمل کے دوران سوگوار فیملیز، سروائیورز اور نزدیکی کمیونٹی کے رہائشیوں کے لئے جذباتی و جسمانی بہبود کی معاونت دستیاب رہے گی۔

اگر آپ کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ درج ذیل کام کر سکتے ہیں:

- گرینفیل بہبود کی سروس (Grenfell Wellbeing Service) کو 020 8637 6279 پر کال کریں (ہر روز صبح 8 تا رات 8 بجے)۔
- ہنگامی صورتحال میں سنٹرل اینڈ نارتھ ویسٹ لندن NHS فاؤنڈیشن ٹرسٹ (Central and North West London NHS Foundation Trust, CNWL) کی مرکزی رہنمائی و مشاورت لائن سے ذیل پر رابطہ کریں:
  0800 0234 650 (یہ دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے سات دن کھلی ہوتی ہے)۔
- ای میل: grenfell.wellbeingservice@nhs.net
- مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfellwellbeing.cnwl.nhs.uk۔

دستیاب خدمات کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: www.grenfell.nhs.uk۔

ہم سے کیسے بات کریں یا مزید معلومات کیسے لیں

ہم اس طریقے سے معلومات کا اشتراک کرنا چاہتے ہیں جو آپ کے لئے کارآمد ہو۔ ہم ذیل پر باقاعدگی سے اپ ڈیٹس اور معلومات کا اشتراک جاری رکھیں گے: www.gov.uk/grenfell-community-updates

براہ مہربانی ہمیں ذیل پر ای میل کریں: GrenfellTowerSite@communities.gov.uk بنام:

- آپ کے لئے آسان اور آرام دہ وقت، تاریخ اور مقام پر انفرادی یا گروہی طور پر ہم سے بات کرنے کا انتظام کریں۔
- ٹاور کو احتیاط سے گرانے کے کام کے بارے میں اپنے کوئی بھی سوالات ہم سے پوچھیں یا اپنے خدشات کا اظہار کریں۔
- عہدیداران اور ہمارے مرکزی ٹھیکے دار DCUK کے ساتھ باقاعدہ میٹنگز کے بارے میں جانیں جن میں آپ کام پر تبادلۂ خیال کر سکتے ہیں۔
- ہم سے آپ کو براہ راست ای میل پر باقاعدہ اپ ڈیٹس بھیجنے کی درخواست کریں۔
- اگر آپ چاہیں تو ہمارے آپ کے ساتھ مواصلت اور شمولیت کے طریقے کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ ہم آپ کے خیالات کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

گرینفیل ٹاور کی تازہ ترین خبروں اور ای میل اطلاعات کی خاطر سائن اپ کرنے کے لئے براہ مہربانی ذیل پر جائیں: www.gov.uk/grenfell-community-updates یا کیو آر کوڈ اسکین کریں۔

گرینفیل ٹاور کے مقام کی انتظامی ٹیم،

وزارت برائے رہائش، کمیونٹیز اور مقامی حکومت